نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت دھان کی فصل کی موجودہ صورتحال بارے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں جائزہ اجلاس کا انعقاد

لاہور:04اگست2024: دھان کی مقررہ ہدف سے زیادہ کاشت کے حصول کے لیے تمام سٹیک ہولڈرز کو فعال کردار ادا کرنا ہو گا۔ یہ بات سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے دھان کی موجودہ صورتحال بارے لاہور میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ انھوں نے مزید کہا کہ دھان کے ضرررساں کیڑوں اور بیماریوں کے حملہ بارے کاشتکاروں کو بروقت اگاہ کیا جائے۔ دھان کی فصل پر صرف سفارش کردہ زرعی زہروں کا استعمال یقینی بنایا جائے۔ اس کے علاوہ دھان کی باقیات کو جلانے کے نقصانات بارے کاشتکاروں کو آگاہ کیا جائے۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ پنجاب میں دھان کی کاشت کا ہدف 50 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے۔ صوبہ پنجاب میں 65 لاکھ ایکڑ پر دھان کی کاشت متوقع ہے۔ اب تک 60 لاکھ ایکڑ پر دھان کی فصل کاشت ہو چکی ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ اگلے سال دھان کی مارچ اپریل کاشت کی حوصلہ شکنی کی جائے گی۔ انھوں نے کہا کہ چاول کی برآمد میں اضافہ کے لیے رائس ایکسپورٹر ایسوسی ایشن اضافی قیمت کی ادائیگی یقینی بنائے۔ دھان کی ہارویسٹنگ کے دوران نقصانات سے بچاؤ کے لیے جدید ہارویسٹرز کی فراہمی بارے پیکج تیار کیا جارہا ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے متعلقہ افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ دھان کی معیاری اور زیادہ پیداوار کے حصول کیلئے فنی رہنمائی کے سلسلہ میں جاری سرگرمیاں تیز کی جائیں۔ دھان کی فصل پر زرعی زہروں کے ذمہ دارانہ استعمال بارے تربیتی سیشن منعقد کیے جائیں۔ دھان کی برآمدی اہمیت کی حامل اقسام کی اچھی پیداوار زرمبادلہ میں اضافہ کا باعث ہو گی۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں، ڈائریکٹر جنرل کراپ رپورٹنگ ڈاکٹر عبدالقیوم سمیت رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے نمائندگان نے شرکت کی

☆☆☆☆